نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب
21 . سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیر صدارت لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد صوبہ پنجاب میں دالوں کے زیر کاشت رقبہ اور پیداوار میں اضافے کے لیے ایک جامع پروگرام تشکیل دیا جا رہا ہے۔ سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو

لاہور: 20 جولائی 2024 :سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرصدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اعلی سطحی اجلاس کا انعقاد ہوا۔اجلاس میں صوبہ پنجاب میں دالوں کے زیر کاشت رقبہ اور پیداوار بڑھانے کیلئے تجاویز پر غور کیا گیا۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ ڈالیں گوشت کا نعم البدل ہیں۔ بڑھتی ہوئی آبادی کی غذائی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے صوبہ میں دالوں کی پیداوار میں اضافہ کا ایک جامع پروگرام تشکیل دیا جارہا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ دالوں کی پیداوار میں اضافے کا مقصد ملکی درآمدی بل میں بھی کمی لانا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ چنے کی کھپت اس کی پراڈکٹس کی وجہ سے زیادہ ہے۔تھل میں چنے کی فی ایکڑ پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ کیلئے عملی اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔ چنے کے معیاری بیج کی فراہمی یقینی بنائی جارہی ہے۔ اس کے علاوہ مونگ کی کاشت اور فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کیلئے عملی اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔چنے اور مونگ کی کاشت اور پیداوار میں اضافہ کیلئے کسانوں کو مراعات دینے بارے پلان تیار کیاجارہا ہے۔چنے اور مونگ کی کاشت کے روایتی اضلاع کو ٹارگٹ کیا جائے گا۔ اس ضمن میں میانوالی ، بھکر اور کوٹ ادو مونگ کی کاشت کیلئے زیادہ موزوں علاقے ہیں جبکہ جھنگ، بھکر،لیہ، میانوالی اور مظفر گڑھ کے اضلاع میں چنے کے کاشتکاروں کی فنی راہنمائی کی جائے گی۔ تھل میں چنے اور مونگ کی کاشت و پیداوار کیلئے متعدد اقدامات اٹھائے جارہے ہیں ۔ سیکرٹری زراعت پنجاب نے کہا کہ دالوں کے زیر کاشت رقبہ اور پیداوار میں اضافہ کا مقصد ملکی ضروریات کو پورا کرنا ہے۔ اجلاس میں سپیشل سیکرٹری زراعت شہنشاہ فیصل عظیم، ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع چوہدری عبدالحمید، ڈائریکٹر جنرل زرعی اطلاعات پنجاب نویدعصمت کاہلوں ، ڈائریکٹر جنرل زراعت اصلاح آبپاشی ملک محمد اکرم و دیگر افسران کی شرکت۔

****